سری لنکا کے وزیر اعظم کا سرکاری دورہ ہند

اپریل 26، 2017

(آئی این ایس انڈیا)

(1) سری لنکا کے وزیر اعظم عزت مآب جناب رانل وکرم سنگھی 25-29 اپریل، 2017 سے ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہیں، آج وزیر اعظم جناب نریندر مودی سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ مسائل اور باہمی دلچسپی کے امور کے ایک پیمانے پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے سری لنکائی وزیر اعظم کے اعزاز میں ایک ظہرانے کی میزبانی کی۔

(2) خارجہ، داخلہ اور روڈ ٹرانسپورٹ، ہائی ویز اور شپنگ کے وزراء نے آج مہمان معظم سے ملاقات کی۔

(3) مہمان معظم کے ساتھ ہندوستانی قیادت کے مذاکرات نے دونوں فریق کو فروری، 2015 میں سری لنکا کے وزیر اعظم اور صدر کے دورے اور وزیر اعظم کے مارچ، 2015 میں سری لنکا کے دورے سمیت گذشتہ 2 سالوں میں مختلف اعلی سطحی تبادلہ خیال کے درمیان لئے گئے فیصلوں کے نفاذ میں پیش رفت کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا، دونوں فریق نے ان مذاکرات کے نتائج کے نفاذ میں اس پیش رفت پر اپنے اطمینان کا اظہار کیا، جس نے دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی طور پر قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مضبوط کیا۔

(4) ہندوستانی فریق نے پڑوس میں خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے ہندوستان کے عزم کا اعادہ کیا اور ایک مستحکم، پر امن اور خوشحال سری لنکا کے لیے سری لنکائی قیادت کے نقطہ نظر کو حقیقی رنگ دینے کے لئے ہندوستان کی جاری حمایت کا اعادہ کیا۔

(5) رہنماؤں نے "اقتصادی منصوبوں میں تعاون" جس نے مستقبل قریب میں دوطرفہ اقتصادی تعاون کے ایجنڈے کا تعین کیا ہے، کے لئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کیا۔ دونوں فریق نے اس باہمی مفاد کے ایجنڈے کو

تیزی سے لاگو کئے جانے کو یقینی بنانے کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

(6) انہوں نے اقتصادی اور ٹیکنالوجی تعاون معاہدے پر جاری مذاکرات سے جلد نتیجہ نکلنے کی امید بھی ظاہر کی۔

(7) قابل ذکر ہے کہ ہندوستان نے اقوام متحدہ حقوق انسانی کونسل (یو این ایچ آر سی) میں گزشتہ ماہ ''فروغ مصالحت، احتساب اور سری لنکا میں حقوق انسانی'' قرارداد شریک رسپانسر ہونے پر سری لنکا کو خوش آمدید کہا تھا، ہندوستانی قیادت نے حوصلہ افزاء امید ظاہر کی کہ مفاہمت کی سفارشات دو سال کی مقررہ میعاد کے اندر مکمل کی جائیں گی۔

(8) ہندوستانی مذاکرات کاروں نے ناگفتہ بہ حالات میں بھی ہندوستانی ماہی گیروں کی انسانی بنیادوں پر علاج کے لیے سری لنکا کی حکومت سے مسلسل تعاون کی درخواست کی، دونوں فریق نے اس ماہ کے شروع میں کولمبو میں منعقدہ ماہی پروری پر مشترکہ ورکنگ گروپ کے اجلاس کا خیر مقدم کیا۔ ہندوستانی فریق نے بھی گہری سمندری ماہی گیری اپنانے کے لئے فکر مند ہندوستانی ماہی گیروں کی حوصلہ افزائی کرنے کیلئے ہندوستان کی طرف سے اٹھائے جانے والے اقدامات سے سری لنکا فریق کو آگاہ کیا۔

(9) سری لنکا کے وزیر اعظم نے آنے والے 'ویسک دوس' پر سری لنکا کے دورے کے لیے وزیر اعظم کی دعوت کا اعادہ کیا۔ اس سلسلے میں تفصیلات پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے اور دونوں حکومتوں کے درمیان حتمی شکل دی جا رہی ہے۔

نئی دہلی

اپریل 26، 2017